# اَلصَّلٰوۃُ الْحُسَیْنِیَّۃُ

## (درودِ حسینی)



مرتب


محمد عزیز سلطان ناچیزؔ

۹۲ ۷۸۶

# اَلصَّلٰوۃُ الْحُسَیْنِیَّۃُ

## (درود حسینی)





مرتب

بموقع مُحَرَّم ۱۴۳۹ھ

بفیض روحانی سیدنا محی الدین وسیدنا معین الدین

وحضرات مخدومین سادات چودہوں پیراں رضی اللہ عنہم

محمد عزیز سلطان ناچیز

رابطہ نمبر: 9695435877

# فضیلت درود حسینی

اللہ تعالیٰ کا لاتعداد حمد وشکر ہے کہ آستانۂ عالیہ حضرات مخدومین سادات چودھوں پیراں رضی اللہ عنہم کے اصل روح رواں سیدی مولائی حضرت مخدوم سید احمد ولی اللہ جیلانی بغدادی نے اس درود حسینی کو اپنی روحانی وقلبی فیضان سے عطا فرمایا حضرت مخدوم سید احمد ولی اللہ جیلانی بغدادی سیدی مولائی محی الدین شیخ عبدالقادر جیلانی بغدادی رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے سیدی مولائی حضرت ابوصالح جیلانی بغدادی کی نسل پاک سے ہیں۔ یہ درود حسینی اسرار الٰہیہ کے خزانوں میں سے ایک انمول خزانہ ہے، جس کے فضائل احاطۂ تحریر میں نہیں آسکتے، اس درود کو محرم الحرام کی پہلی تاریخ سے کثرت سے معمول میں لائے اس درود کو پڑھنے والے کو ''یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوااللّٰہَ وَ کُوْنُوْا مَعَ

الصَّادِقِیۡنَ ‘‘(اے ایمان والو! تم اللہ سے ڈرو اور سچوں کے ساتھ ہوجاؤ) کا کامل فیض ملے گا اور اسے ’’رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنۡیَا حَسَنَۃً وَّفِی الۡاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ‘‘(اے ہمارے پالنہار تو ہمیں دنیا میں بھلائی دے اور آخرت میں بھلائی دے اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچالے ) کی نعمت حاصل ہوگی اور وہ ’’اَلَاۤ اِنَّ اَوۡلِیَآءَ اللّٰہِ لَاخَوۡفٌ عَلَیۡہِمۡ وَلَاہُمۡ یَحۡزَنُوۡنَ ‘‘(خبردار ہوشیار بے شک اللہ کے دوستوں کو نہ کوئی خوف ہے اور نہ انہیں کوئی ملال ہے ) کے گروہ اولیاء سے کامل طور پر مستفیض ہوگا، وہ صالحین کے صفات سے متصف ہوگا اسے نبی کریم ﷺ کا دیدار پاک نصیب ہوگا اس درود کو معمول میں رکھنے والے کے لئے اللہ تعالیٰ دو فرشتے مقرر فرمائے گا جو اس کی مدد فرمائیں گے، اس کی جملہ حاجتیں پوری ہونگی وہ شیطان مردود اور اس کے تمام لشکریوں کے شروں اور حربوں سے امن میں رہے گا اور وہ ہر

آفت و بلا نیز نفس امارہ کے شروں سے مامون ہوگا اسے اللہ و رسول کی خوشنودی اور قرب حاصل ہوگا اگر قلب کے اعداد ۱۳۲/ کے مطابق وقت مقررہ کے ساتھ تین دن تک روزانہ ۱۳۲/ بار اس درود کو پڑھے تو اس کے قلب کے وہ دروازے جو عالم ملکوت کی طرف کھلتے ہیں وہ کھول دیئے جائیں گے، اگر روح کے اعداد ۲۱۴/ کے مطابق تین دن تک روزانہ ۲۱۴/ بار وقت مقررہ کے ساتھ پڑھے تو اس کے لئے روحانی فیضان کے دروازے کھول دیئے جائیں گے اور اسے مقبول بندگی کی توفیق اور عبادت میں ذوق وشوق اور لذت حاصل ہوگی اگر عقل کے اعداد ۲۰۰/ کے مطابق تین دن تک روزانہ ۲۰۰/ بار وقت مقررہ پر پڑھے تو اسے عقل سلیم حاصل ہوگی اور اس کی عقل عقلِ کل کا فیض پا کر عقل کی آفتوں سے محفوظ ہو جائے گی، اور اگر نفس کے اعداد ۱۹۰/ کے مطابق تین دن تک روزانہ ۱۹۰/ بار وقت مقررہ پر پڑھے تو اس کا نفس

نفس مطمئنہ کے مقام پر پہنچ جائے گا اور وہ نفس کی جملہ خباثتوں سے محفوظ ہو جائے گا بعدہٗ اسی طرح اس معمول کو قلب وروح اور عقل ونفس کی نیت سے ۱۲/ بار روزانہ پڑھ لے تو اس کا فیض برقرار رہے گا اس کا ہر نیا سال گذشتہ سال سے بہتر ہوگا اور وہ دہر وقبر وحشر میں بھی اسکے فیضان سے مالا مال ہوتا رہے گا۔ اسے علم الیقین عین الیقین اور حق الیقین کا درجہ ملے گا اور وہ مستجاب الدعوات ہوگا خلاصہ یہ کہ اس درود پاک کی بے شمار فضیلتیں ہیں جو کثرت سے پڑھنے والے کے مشاہدے میں آجائیں گی انشاء اللہ تعالیٰ۔ اللہ رب العلمین کی بارگاہ میں دعا ہے کہ ہمیں اس درود کو ادب کے ساتھ پڑھنے کی توفیق عطا فرمائے اور جملہ مومن مرد وعورت مسلمان مرد وعورت زندوں اور مردوں میں سے سب کی مغفرت فرمائے اللہ خوب خوب ان سب پر اپنی رحمت وکرم کی بارش فرمائے۔ آمین۔

# اَلصَّلٰوةُ الْحُسَيْنِيَّةُ (درود حسینی)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

بِسْمِ اللّٰهِ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا هُوَ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ

اللّٰهِ ○ يَا اِلٰهَ حُسَيْنٍ يَا رَبَّ حُسَيْنٍ ○

بِحَمْدِهٖ وَبِشُكْرِهٖ وَبِهٖ نَسْتَعِيْنُ ○

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ بِنُوْرِكَ الرَّحْمَةِ اَنْ تُصَلِّيَ

وَتُسَلِّمَ دَائِمًا اَبَدًا عَلٰى سَيِّدِنَا نُوْرِكَ الرَّحْمَةِ

الَّذِيْ مَآ اَرْسَلْتَهٗ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ وَمَوْلٰنَا

مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ قَالَ اَلْحُسَيْنُ مِنِّيْ وَاَنَا مِنَ الْحُسَيْنِ

وَعَلٰى وَالِدَيْهِ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَاٰلِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّاتِهٖ

وَاَصْحَابِهٖ وَجَمِيْعِ شُهَدَاءِ كَرْبَلَاءَ وَاَوْلِيَائِهٖ وَكُلِّ

اُمَّتِهٖ اَجْمَعِيْنَ ○ صَلَاةً تَعْصِمُنَا بِهَا فِيْ هٰذِهِ

السَّنَةِ الْجَدِيْدَةِ مِنَ الشَّيْطَانِ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَوْلِيَائِهٖ

وَمِنْ كُلِّ شَرِّ مَاتَعْلَمُ وَتُعِيْنُنَا بِهَا عَلٰى هٰذِهِ

النَّفْسِ الْاَمَّارَةِ بِالسُّوْءِ وَتَرْزُقُنَا بِهَا الْاِشْتِغَالَ

بِمَا يُقَرِّبُنَا اِلَيْكَ ○

**ترجمہ:** اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔


اللہ کے نام سے شروع اور خوب سلامتی نازل ہو ہمارے سردار محمد ﷺ پر جو اللہ کے رسول ہیں۔

اے سیدنا حسین علیہ السلام کے معبود، اے سیدنا حسین علیہ السلام کے پالنہار۔

اللہ ہی کے لئے حمد وشکر ہے اور ہم اسی سے مدد چاہتے ہیں۔

اے ہمارے اللہ بے شک میں تجھ سے تیرے نور رحمت کے واسطے سے سوال کرتا ہوں کہ تو خوب خوب دائمی ابدی درود وسلام نازل فرما ہمارے سردار اپنے اس نور رحمت پر جسے تو نے سارے جہان کے لئے رحمت بنا کر بھیجا اور ہمارے اس مولیٰ محمد ﷺ پر جنہوں نے فرمایا حسین مجھ سے ہیں اور میں حسین سے اور خوب خوب درود وسلام نازل فرما آپ ﷺ کے والدین پر آپ ﷺ کی اہل بیت وآل واولاد اور ازواج پر آپ ﷺ کی ذریت واصحاب اور تمام شہدائے کربلا والوں پر اور اولیاء پر اور آپ ﷺ کی ساری امت پر ایسا درود وسلام کہ جس کی برکت سے تو ہمیں اس نئے سال میں شیطان اس کی ذریت اور اس کے تمام ساتھیوں کے شروں سے محفوظ فرمادے اور ان تمام شروں سے بچالے جو تیرے علم میں ہیں نیز نفس امارہ کے مقابلہ میں تو ہماری مدد فرما اور تو ہمیں ایسے اعمال کی توفیق عطا فرما جو ہمیں تیری بارگاہ میں قربت عطا کرے۔





آستانہ حضرات مخدومین سادات چودھوں پیراں (علیہم الرحمۃ والرضوان) الہ آباد

www.syed14peer.com